کراچی: ۵ جون (اے پ پ) صدر بھٹو نے کہا ہے کہ وہ شیخ مجیب الرحمٰن سے بھارت کے سوا دنیا کے کسی بھی ملک میں ملاقات کے لیے تیار ہوں اور مجھے امید ہے کہ یہ ملاقات اگلے ماہ کے وسط یا آخر میں ہوگی۔ انھوں نے آج یہاں پریس کانفرنس میں بتایا کہ برطانوی حکومت ملاقات کا اہتمام کرانے کی کوشش کر رہی ہے۔ میں شیخ صاحب سے ملنے کے لیے ڈھاکہ جانے کو تیار ہوں۔ انھوں نے کہا کہ اگر شیخ مجیب پاکستان نہیں آ سکتے تو میں ان سے بھارت کے سوا کسی بھی جگہ ملاقات کے لیے تیار ہوں۔ صدر نے کہا کہ شیخ مجیب کے ساتھ ملاقات کے دوران یہ بات خصوصاً زیر بحث آئے گی کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین تعلقات کی آئندہ نوعیت کیا ہونی چاہیے۔ انھوں نے شیخ مجیب سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے دونوں حصوں کے مابین آئندہ تعلقات کے بارے میں کشادہ دلی سے غور کریں۔ انھوں نے کہا مجھے حیرت ہے کہ شیخ مجیب جلدی اپنی ملاقات سے قبل بنگلہ دیش تسلیم کرانے پر کیوں مصر ہیں۔

برطانیہ میں پاکستانیوں کیلئے دہری شہریت

اسلام آباد ۳ جون (اپ پ) صدر نے ایک آرڈیننس کے ذریعہ پاکستان شہریت کے ایکٹ مجریہ ۱۹۵۱ء میں ترمیم کی ہے تاکہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی پاکستانی قومیت برقرار رکھتے ہوئے برطانیہ کی شہریت حاصل کر سکیں اس آرڈیننس میں کہا گیا ہے کہ چونکہ قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد نہیں ہے اس لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے تحت حاصل ہونے والے اختیارات کے تحت صدر نے پاکستانی شہریت کا ترمیمی آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۲ء نافذ کیا ہے جو فوری طور پر نافذ العمل ہو گا اس آرڈیننس کے ذریعہ شہریت کے ایکٹ کی دفعہ ۱۴ میں ترمیم کی گئی ہے اور ذیلی دفعہ ۱ کے بعد مندرجہ ذیل درج کیا جائے گا۔ جو شخص ۲۱ برس کی عمر کو نہیں پہنچا اور جو شخص پاکستان میں شہریت اختیار کرنے والی ریاست کا باشندہ ہے اور اب تک اپنے آپ کو اس ریاست کا باشندہ سمجھتا ہے جو شخص پاکستان کا شہری ہے اور برطانیہ یا اس کی نوآبادیوں یا ایسی کسی مملکت کا باشندہ جس کا کہ مرکزی حکومت بذریعہ نوٹیفکیشن اعلان کرے۔

وزیر قانون میاں محمود علی قصوری نے ایک ملاقات میں بتایا کہ ایک آرڈیننس کے تحت پاکستانی شہریت کے ایکٹ مجریہ ۱۹۵۱ء میں ترمیم کی گئی ہے اس ترمیم کے ذریعہ برطانیہ اور اس کی نوآبادیات میں رہائش پذیر پاکستانی باشندوں کو پاکستانی شہریت رکھتے ہوئے بھی برطانیہ اور اس کی نوآبادیات میں رہائش کی اور شہریت حاصل کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔ مرکزی وزیر قانون و پارلیمانی امور میاں محمود علی قصوری نے آج ایک انٹرویو میں بتایا کہ موجودہ قانون کے تحت جب کوئی پاکستانی کسی دوسرے ملک کی شہریت حاصل کرتا ہے اپنی موجودہ شہریت سے محروم ہو جاتا ہے۔ وزیر قانون نے کہا کہ حکومت کچھ عرصے سے امریکہ، یورپ اور دیگر ممالک میں رہائش پذیر پاکستانیوں کے اس مطالبے پر غور کر رہی تھی کہ انہیں پاکستان کی شہریت برقرار رکھتے ہوئے ان ممالک کی شہریت اختیار کرنے کی اجازت دی جائے جہاں وہ رہائش پذیر ہیں۔ وزیر قانون نے کہا کہ بیرونی ممالک میں رہائش پذیر پاکستانیوں کو حکومت اپنے ملک کا سفیر سمجھتی ہے اور اس قدم کی بدولت بیرونی ممالک میں مقیم پاکستان کے سفیروں کی خدمات سے محروم ہونا بڑا نقصان ہے۔

اندرا گاندھی کو دورۂ پاکستان کی دعوت

نئی دہلی ۳ جولائی (رائٹر) صدر پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے آج شملہ میں بتایا کہ انہوں نے بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے اور امید ہے کہ دورہ کی کوئی مناسب تاریخ مقرر کر لی جائے گی۔ صدر بھٹو نے بتایا کہ بات چیت کے دوران مسز اندرا گاندھی نے دعوت کا جواب معقول دیا ہے۔ اے پی پی نے اطلاع دی ہے کہ صدر بھٹو اور مسز گاندھی کے درمیان معاہدہ کے تحت آئندہ سربراہ کانفرنس ستمبر میں پاکستان میں ہو گی۔

ڈھاکہ میں لوٹ مار اور قتل و غارت گری

شہر میں ۲۴ گھنٹوں کا کرفیو لگا دیا گیا

نئی دہلی ۱۰ جولائی (ریڈیو رپورٹ) ڈھاکہ میں انتہا پسندوں نے مجیب کا تختہ الٹنے کے لیے جو زور دار مہم شروع کر رکھی ہے اس نے خطرناک شکل اختیار کر لی ہے۔ حالات اس قدر خراب ہو گئے ہیں کہ آج شہر میں ۲۴ گھنٹوں کا کرفیو لگا دیا گیا اور ڈھاکہ ریڈیو سے بار بار عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ کرفیو کے اوقات میں گھروں سے باہر نہ نکلیں اگر کسی نے حکم کی خلاف ورزی کی تو اسے گولی سے اڑا دیا جائے گا۔ ایک ترجمان نے ریڈیو پر ایک تقریر نشر کرتے ہوئے کہا کہ بعض شرپسند شہر میں لوٹ مار اور قتل کے ذریعے امن کی حالت کو بگاڑ دینے کی فکر میں ہیں۔ ان لوگوں نے بہت سی تشدد آمیز کارروائیوں کا ارتکاب کیا ہے جس میں کئی قیمتی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ حکومت کی طرف سے شرپسندوں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ وہ ایسی قانون شکن کارروائیوں سے باز آ جائیں ورنہ انہیں عبرت ناک سزا دی جائے گی۔

دوسری سربراہ کانفرنس ستمبر میں پاکستان میں ہو گی

شملہ ۴ جولائی (اپ پ) آج پاکستان اور بھارت میں جو سمجھوتہ ہوا ہے اس کے تحت دونوں ملکوں کے سربراہوں کی آئندہ کانفرنس ستمبر میں پاکستان میں ہو گی۔

کراچی کے ایٹمی بجلی گھر کے کامیاب تجربات

کراچی ۳ جون (اپ پ) کراچی کے ایٹمی بجلی گھر نے گزشتہ تین ہفتوں سے بجلی کی فراہمی کا کامیاب تجربہ شروع کر دیا ہے۔ یہ بات سرکاری طور پر بتائی گئی کہ ایٹمی بجلی گھر ابھی تجرباتی کارگزاری کے دور سے گزر رہا ہے تاہم گزشتہ تین ہفتوں سے اس ادارہ نے بجلی کی فراہمی کا کامیاب تجربہ کیا۔

ہمیں ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا گیا تھا

جنرل نیازی

کیمپ سے جنرل نیازی کا خط

لاہور ۷ جولائی۔ ایک مقامی اردو روزنامے کی خبر کے مطابق مشرقی پاکستان کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل امیر عبداللہ خان نیازی نے جو بھارت میں جنگی قیدیوں کے کیمپ نمبر ۱۰۰ میں نظربند ہیں سابق سیکرٹری اطلاعات مسٹر طارق اسماعیل کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ تمام جنرل ان کے ساتھ ہیں کیمپ میں باجماعت نماز پڑھنے کا انتظام کیا گیا ہے انہوں نے مزید لکھا ہے کہ ہم زیادہ تر وقت قرآن شریف کی تلاوت کرتے رہتے ہیں۔ انہوں نے اس توقع کا بھی اظہار کیا ہے کہ ہماری واپسی بہت جلد ہو گی۔ مشرقی پاکستان میں ہتھیار ڈالنے کے بارے میں انہوں نے لکھا ہے کہ ہمیں حکم ملا تھا۔ دوست مجھے ایک شعر یاد آ گیا ہے اب نہیں لکھتا اگر قسمت ہوئی تو زبانی بتاؤں گا۔ اس کے بعد انہوں نے ایک لڑکے کی کہانی کا حوالہ دیا ہے جو فارسی جانتا تھا اور بیمار پڑنے پر اپنی ماں سے آب آب کہتا رہا چونکہ ماں ان پڑھ تھی وہ کچھ نہ سمجھ سکی اور اس کا لڑکا مر گیا۔

محب وطن پاکستانیوں کو قانونی امداد فراہم کی جائیگی

بنگلہ دیش میں مقدمات کیلئے لندن میں کمیٹی کا قیام

لندن ۹ جولائی (اسعد جیلانی نمائندہ جنگ) مشرقی پاکستان میں انسانی حقوق کے دفاع کیلئے لندن میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ان محب وطن پاکستانیوں کیلئے قانونی دفاع کا انتظام کرے گی جن پر بنگلہ دیش کی حکومت نے فوج کا ساتھ دینے کے الزام میں مقدمے چلا رکھے ہیں۔ کونسل مسلم لیگ کے رہنما شفیق الاسلام نے جو ان دنوں لندن میں وسائل جمع کرنے اور مقدمات میں ملوث کئے جانے والوں کیلئے قانونی دفاع کا انتظام کرنے کیلئے آئے ہوئے ہیں کل پاکستان محاذ استحکام کے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اس اجلاس میں کمیٹی تشکیل دی گئی۔ شفیق الاسلام جنہیں خود بھی بنگلہ دیشی حکومت نے ملزم قرار دیا ہے نے بتایا کہ یہ کمیٹی برطانوی اور یورپی وکلاء کی خدمات حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ محب وطن پاکستانیوں کا قصور صرف یہ ہے کہ وہ ملک کے اتحاد کیلئے اور بیرونی مداخلت کی مزاحمت کیلئے کام کرتے رہے تھے۔ اب بنگلہ دیش کے حالات بدل رہے ہیں عوامی لیگ کے سابق وزیر اعلیٰ عطاء الرحمٰن خان جیسے لوگ اب محب وطن پاکستانیوں کے مقدمات کا دفاع کر رہے ہیں۔ برطانوی پارلیمنٹ کے متعدد ارکان نے بھی اس کمیٹی کیساتھ تعاون کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔

سرکاری لباس شلوار اور قمیض

پشاور ۳ جون (اپ پ) آج سرحد کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ صوبہ میں سرکاری ملازمین کا لباس شلوار اور قمیض ہو گا جس کے بعد تمام ملازمین اور افسروں کو اپنے شاندار سوٹ خیرباد کہنے پڑیں گے۔ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود نے اعلان کیا ہے کہ حکومت سرحد کے تمام افسران اور ان کا ماتحت عملہ دفتروں اور سرکاری تقریبات میں یہی لباس پہنا کرے گا۔ مقامی ماحول کو پیش نظر رکھتے ہوئے کفایت شعاری اور سادگی کی غرض سے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ موسم سرما کے سرکاری لباس کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ کے موجودہ حکم پر فوری طور پر عملدرآمد ہو گا۔

شملہ جانے والے پاکستانی وفد پر ۵ لاکھ روپے زر مبادلہ خرچ

لاہور ۳۰ جون (خصوصی رپورٹ) لاہور سے دو جون کے نامہ نگار کے مطابق شملہ میں ہونے والی سربراہی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لیے پاکستان سے ۹۰ ارکان پر مشتمل جو وفد بھارت گیا ہے اس پر حکومت پاکستان کو ساڑھے پانچ لاکھ روپے سے زائد کا خرچ برداشت کرنا پڑے گا یہ سارے کا سارا خرچ زر مبادلہ کی صورت میں ہو گا۔ وفد میں شریک وزراء اعلیٰ اور گورنروں کو جیب خرچ کے لئے ۵۰ ڈالر (تقریباً ۹۵۰ روپے) اور دیگر ۱۰۰ ڈالر (تقریباً ۱۰۰۰ روپے) فی کس دیئے گئے ہیں۔ وفد میں ایک درجن سے زائد افراد اور ایک درجن سیکشن افسر شامل ہیں۔ اخبارات میں سے بعض اخبارات کے دو دو نمائندے وفد میں شامل کیے گئے ہیں۔ وفد میں شریک وزراء کو ایک سو ڈالر (تقریباً ۱۰۰۰ روپے) فی کس دیئے گئے ہیں وفد کے چھوٹے سے چھوٹے رکن کے لئے ۲۵ ڈالر (۲۷۵ روپے) مختص کئے گئے ہیں۔ یہ اخراجات اس کے علاوہ ہیں۔ وفد کے ارکان کو یہ زر مبادلہ اس لئے دیا گیا ہے کہ وہ بھارت سے اپنی ضرورت کی اشیاء خرید سکیں۔ باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ وفد کے صرف ایک رکن اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ ملک معراج خالد نے زر مبادلہ لینے سے انکار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے عملہ کو خصوصی ہدایت کر دی تھی کہ ان حالات میں ملک کا ایک پیسہ بھی زر مبادلہ کی شکل میں ضائع کرنا ملکی اقتصادیات کو دھچکا دینے کے مترادف ہے۔ ملک معراج خالد نے اپنی ضرورت کے مطابق سگریٹ کے پیکٹ پاکستان سے ہی خرید لئے اور یہ کہہ کر زر مبادلہ لینے سے انکار کر دیا کہ وہ بھارت شاپنگ کرنے کے لئے نہیں جا رہے۔

پاکستان کے شب و روز ۲
بشکریہ: جسارت، نوائے وقت، امروز، مساوات، جنگ، اخبار جہاں ، اخبار خواتین ،

بین الاقوامی ترقیاتی ادارے نے پاکستان کے لیے ۵۵ کروڑ روپے کے قرضہ کی منظوری دے دی

قرضہ غیر مشروط ہوگا

اسلام آباد ۱۹ جون (اے پی پی) بین الاقوامی ترقیاتی ادارے نے پاکستان کو ۵۵ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے کا قرضہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس بات کا اعلان مسٹر ایم ایم احمد مشیر بیرونی قرضہ جات کمیشن نے کیا۔ مسٹر احمد نے بتایا کہ یہ قرضہ پاکستان کو مشترکہ قرضے کی صورت میں ملے گا اور پاکستان اس قرضے کے عوض کسی بھی مقابلتی ذریعے سے اپنی ضروریات کا مال خرید سکے گا۔ قرضہ غیر مشروط ہوگا۔ مسٹر ایم ایم احمد نے کہا کہ قرضہ پر شرح سود [illegible] ہے اور [illegible] سے پچاس سال میں ادا [illegible] لیکن پچاس سال کی مدت شروع ہونے سے پہلے دس سال کی مزید مہلت [illegible] کی۔ [illegible]

کے آخری اجلاس میں ایک سمجھوتہ ہوا تھا کہ اجناس کی شکل میں ۱۰ کروڑ ڈالر کی جو امداد ملے گی اس میں ۵ کروڑ ڈالر کی وہ رقم بھی شامل ہوگی جو بین الاقوامی ترقیاتی ادارے کی طرف سے صنعتی سامان اور اجناس کی درآمد کے لئے منظور کی گئی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ بین الاقوامی ترقیاتی ادارے نے اتنی بڑی امداد خام اجناس اور صنعتی سامان کی درآمد کے لئے منظور کی ہے۔ اس قرضے سے صنعتوں کے لئے خام اجناس درآمد کرنے میں بڑی مدد ملے گی اور ایکسپورٹ پالیسی کو بھی تقویت پہنچے گی جس کا حکومت نے حال ہی میں اعلان کیا ہے۔

● ● ● ●

ناسازگار حالات میں فوج نے جو خدمات انجام دی ہیں ان پر پوری قوم کو فخر ہے

فوج میں کسی کمی کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

مشرقی پاکستان ہمارا داخلی معاملہ ہے: اگلے مورچوں پر جوانوں سے صدر بھٹو کا خطاب

لاہور (اے پی پی) پاکستان کی فوج کے جوانوں نے ناسازگار حالات میں دفاع وطن کے لئے جس بہادری سے اپنی خدمات انجام دی ہیں ان پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ان کی خدمات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات صدر بھٹو نے لاہور اور حسینی والا سیکٹر میں اگلے مورچوں کے معائنے کے دوران جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر نے کہا کہ ہم نے جو مختلف اصلاحات نافذ کی ہیں ان کا مقصد ملک کو اقتصادی، سیاسی اور ساتھ ہی فوجی اعتبار سے مضبوط بنانا ہے۔ پاکستان کو اگر کسی بھی میدان میں پسپائی کا سامنا کرنا پڑا ہے تو محض عارضی نوعیت کی ہے۔ بالآخر پاکستان ایک مضبوط اور خوشحال ملک بن کر ابھرے گا۔ صدر نے مزید کہا کہ بعض بھارتی حلقے اس قسم کی تجاویز پیش کر رہے ہیں کہ پاکستان کو اپنی مسلح افواج کی تعداد میں کمی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فی الوقت [illegible]

نے اپنی ایک برتر فوج [illegible] نہیں ہے۔ پاکستان کی پسپائی عارضی ہے قوموں کی تاریخ پر نظر ڈالئے تو پتہ چلے گا کہ کئی قوموں کو اس قسم کی پسپائی برداشت [illegible]

کرنی پڑی ہے۔ صدر نے مشرقی پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے کہا بھارت کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس سوال کو اٹھائے یہ ہمارا داخلی معاملہ ہے جسے ہم شیخ مجیب الرحمٰن سے مل کر حل کر لیں گے۔ میں شیخ مجیب سے ملاقات کرنے کے لئے ڈھاکہ جانے کو تیار ہوں۔ اگر وہ مجھے ڈھاکہ نہیں بلا سکتے تو میں نے انہیں پاکستان آنے کی دعوت دی ہے۔ اگر شیخ مجیب اسلام آباد آنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو ہم کسی بھی دوست ملک میں، کسی بھی اسلامی ملک میں، ایران یا ترکی میں ملاقات کر سکتے ہیں۔ ہم برطانیہ میں بھی ملاقات کر سکتے ہیں۔

صدر اگلے مورچوں پر سبز ٹوپی پہنے ہوئے تھے

لاہور (اے پی پی) صدر بھٹو جنہوں نے اگلے مورچوں کا معائنہ کیا سبز ٹوپی پہنے ہوئے تھے۔ گزشتہ [illegible]

شیخ مجیب کو خاص طور پر [illegible] فوج میں کمی کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ فوج میں [illegible] بھی کم نہ ہوگا۔ بھارت کے پاس بڑی فوج ہے۔ فوج میں کمی کرنی چاہیے۔ صدر نے کہا مجھے اس بات کا یقین نہیں کہ مسز اندرا گاندھی سے میری بات چیت کا کوئی مثبت نتیجہ برآمد ہوگا۔

بھٹو کے سوا کوئی شخصیت یا جماعت موجودہ بحران پر قابو نہیں پا سکتی

ہم پاکستان میں سوشلزم کے نفاذ تک جدوجہد جاری رکھیں گے

مزدوروں کی ہڑتال پیپلز پارٹی کے خلاف سازش تھی: اظفر کیٹر گبول اور اظہر عباس کی تقریر

کراچی ۲۰ جون (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر خوراک مسٹر کمال اظفر نے کہا کہ صدر پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے سوا کوئی دوسرا لیڈر اور جماعت ملک کے موجودہ بحران پر قابو نہیں پا سکتی۔ [illegible]

کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کا عہد کئے ہوئے ہیں کہ پاکستان کو جناب ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں [illegible]

مولانا مودودی نے پاکستانی عوام کے کردار پر گہرے نقوش چھوڑے ہیں

[illegible]

سندھ اسمبلی نے بجٹ منظور کر لیا

کراچی ۲۰ جون (اے پی پی) سندھ اسمبلی نے آج صبح ۱۹۷۲-۷۳ء کا بجٹ منظور کر لیا۔ ایوان نے [illegible] کی مخالفت میں صرف ایک ووٹ آیا۔ اپوزیشن [illegible] رائے شماری کے وقت ایوان میں حاضر نہیں تھی۔ حکمران پارٹی کے تمام ارکان نے بل کی حمایت میں ووٹ دیا۔ ایوان نے سات کروڑ ۲۰ لاکھ [illegible] روپے کے ضمنی مطالبات زر کی بھی منظوری دی۔

سرداری نظام ختم کر دیا جائے!

مرکز سے بلوچستان اسمبلی کی سفارش

کوئٹہ ۲۱ جون (نمائندہ جنگ) صوبہ بلوچستان کی اسمبلی نے آج چار گھنٹے کی گرما گرم بحث کے بعد سردار مینگل کی پیش کردہ ایک قرارداد منظور کر لی ہے جس میں مرکزی حکومت سے سفارش کی گئی ہے کہ وہ صوبہ میں سرداری نظام کو منسوخ کر دے اور صوبہ کی سابق ریاستوں کے والیان اور قبائلی سرداروں کو دیئے جانے والے ذاتی وظائف بند کر دے۔ رائے شماری میں قرارداد کے حق میں ۱۱ اور مخالفت میں ۴ ووٹ آئے۔

پندرہ روزہ صدائے پاکستان ٹورنٹو

کا چودہ اگست کا شمارہ "استقلال نمبر" ہوگا،

اس کے لیئے اپنے اشتہار اور مضامین یکم اگست تک بھجوائیں،

ادارہ

فرینڈز آف پاکستان کی جانب سے

پاکستانی فلم گھونگھٹ ۱۵ر جولائی ہفتہ شام

۳۰-۷ بجے ہمبر سائیڈ کالجیٹ میں پیش کی جائیگی،

پاکستانی خواتین و حضرات کی خدمت میں التماس

ہے جوق در جوق تشریف لائیں،

پتہ

Humberside Collegiate,
280 Quebec ave, Toronto.
SUBWAY: High Park.

صدائے پاکستان

ریڈیو پروگرام

سے

صداکار ڈاکٹر اور مسز مسرت مجید،

پہلا پروگرام ۱۶ر جولائی ۱۹۷۲ء کو شام آٹھ سے ساڑھے آٹھ بجے

تک ۱۵۱-CHIN پر پیش کریں گے، سننا نہ بھولیئے گا،

LOW LOW LOW

FARE

NEW YORK — KABUL RETURN $430

NEW YORK—KARACHI RETURN $503

LOWEST FARE TO ANYWHERE. EXCELLENT SERVICE. ECONOMY & PLEASURE GUARANTED. FOR INFORMATION PLEASE, CALL US AT 922-4128 OR WRITE:-

PT

PLEASURE TRAVELS

418 A PARLIAMENT ST.

TORONTO-5

PHONE 922 4128/9

I want to fly home for the lowest fare in history.
Tell me more.

Name ____________

Street ____________

City ____________

بزمِ خواتین

بعض بچے ذہین کیوں ہوتے ہیں!

بچے کا ماحول اس کی نشوونما میں ایک اہم عنصر ہے، چونکہ بچے کی ذہانت کی نشوونما اس کی عمر کے پہلے چار برسوں میں بہت زیادہ ہوتی ہے، اس مدت کے دوران ماحول کے مثبت اثرات کے امکان بھی زیادہ ہوتے ہیں، اس عمر کے بعد بچے کی ذہانت کو تیز تر کرنے یا نئے سانچے میں ڈھالنے کے لیے بہت زیادہ کوشش درکار ہوگی، مزید برآں بچہ اس شعوری کوشش کے خلاف بغاوت بھی کر سکتا ہے، اس کے علاوہ اس کی جذباتی صحت پر برا اثر بھی پڑ سکتا ہے۔

محققین نے غریب اور خوشحال گھرانوں سے متعلق چھ سالہ بچوں کی ذہانت، ذخیرہ الفاظ اور بات چیت میں روانی میں نمایاں فرق محسوس کیا۔ اس مرحلہ پر انہوں نے اس فرق کو دور کرنے کی بے سود کوشش کی، اس ناکامی نے انہیں متوجہ کیا کہ ایسی کوشش تو بچہ کو سکول بھجوانے سے بہت پہلے ہونی چاہئے، اور یہ بھی کہ بچہ کی زندگی کے ابتدائی تین چار برس اس کی زندگی کے اہم ترین سال ہیں، ان کو محض ان کی جسمانی نشوونما تک محدود نہیں رکھنا چاہئے،

ان محققین نے "A" اور "C" بچوں کی ماؤں کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا، انہوں نے ماؤں کے طرز عمل اور انداز تربیت کا خاص طور پر مطالعہ کیا، اور اس کے لحاظ ان کی اس طرح درجہ بندی کی۔

(ا) Super Mother : یہ ماں اپنے بچوں کے لیے تمام تر تعلیمی وسائل مہیا کرنا چاہتی ہے، وہ وقتاً فوقتاً دخل اندازی کر کے بچوں کو کچھ سکھاتی رہتی ہے۔ لیکن اسے اس چیز کا جنون نہیں، بچہ جیسا بھی ہے، وہ اس سے مطمئن ہے، اور لطف اندوز ہوتی ہے، بات چیت کے دوران وہ بچے کی ہر بات سنتی ہے، اس میں اضافہ بھی کرتی جاتی ہے، مثلاً بچہ کہتا ہے، "وہ گیند ہے" وہ کہے گی، ہاں وہ سرخ گیند ہے، وغیرہ، ماں اور بچہ کے باہمی مشاغل میں کافی اعتدال ہوتا ہے، آخر کار یہ بچہ ہر لحاظ سے "A" ہوتا ہے،

(ب) Something Mother : بچہ کے تمام مشاغل کو ماں ترتیب دیتی ہے، اس سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ماں کی مرضی کے خلاف کچھ نہ کرے، وہ بچہ کے مشاغل اور کھیل کود سے کچھ غیر مطمئن رہتی ہے، اس کو ہر دم بچہ کو ہارورڈ یونیورسٹی بھیجنے کی فکر رہتی ہے۔ نتیجۃً یہ بچہ علم کے حصول، استدلال اور لیاقت میں تو "A" ہوتا ہے، لیکن جذباتی لحاظ سے وہ اپنے آپ کو غیر محفوظ پاتا ہے، شرمیلا ہونے کے علاوہ اس میں بچپنا کافی دیر تک رہتا ہے،

(ج) Almost Mother : اگرچہ یہ ماں بچہ سے لطف اندوز ہوتی ہے، لیکن کچھ کھوکھلائی سی رہتی ہے، اور اکثر بچہ کی ضروریات پوری نہیں کرتی، اس میں ذہنی استعداد کا بھی کچھ فقدان ہوتا ہے، تمام تر مشاغل کا دارومدار وہ بچہ پر ہی چھوڑتی ہے، اکثر اوقات اسے اپنے بچہ کی خواہشات کا اندازہ بھی نہیں ہوتا، اگر وہ اپنے بچہ کو کہانی بھی سناتی ہے تو اس کا تبصرہ اس نوعیت کا ہوتا ہے، یہ گیند ہے، وہ پہاڑی ہے، وغیرہ وغیرہ ـــ اس کے برعکس Super Mother پوچھے گی، پہاڑی کے دامن میں وہ کیا دیکھ رہے ہو، اس گیند کا رنگ کیا ہے، یہ ماں بچہ کو پہلے چودہ سے سولہ ماہ تک تو بہت اچھی تربیت دیتی ہے، مگر جب ذہنی نشوونما کا وقت آتا ہے تو اس ماں کا بچہ "B" کی سطح سے آگے نہیں بڑھ پاتا۔

(د) Overwhelmed Mother : یہ ماں گھر کے دھندوں میں اس قدر الجھی رہتی ہے، اس کے پاس بچہ کے لیے کوئی وقت نہیں ہوتا، بچہ کی دیکھ بھال یا تو بڑے بہن بھائی کرتے ہیں، یا وہ خود ہی گرتا پڑتا افراتفری کے عالم میں پل جاتا ہے، بالعموم اس ماں کے آٹھ بچے اور ۳۰ ڈالر فی ہفتہ خرچ کے لیے ہوتے ہیں، متوسط طبقہ کی اس سے کم بچوں والی ماؤں کا طرز عمل بھی اسی طرح کا ہوتا ہے،

(ہ) Zookeeper Mother : یہ ماں متوسط یا اعلیٰ طبقہ سے متعلق ہوتی ہیں، اس کے گھر کا انتہائی منظم دستور عمل ہوتا ہے، مادی اعتبار سے بچہ کو ہر چیز میسر ہوتی ہے، لیکن بچہ زیادہ وقت تنہا بسر کرتا ہے، غالباً اپنے پلنگ پر بے شمار کھلونوں کے ساتھ، وہ اپنے بچہ کو نظم و ضبط کی قیود سے عاری رکھتی ہے، بچہ کے ساتھ تبادلہ عمل بہت کم ہوتا ہے، نتیجۃً بچہ کا طرز عمل جدت، انفرادیت سے عاری اور تکرار سے معمور ہوتا ہے،

یہ پانچ طرح کے رویہ کی آئینہ دار مائیں، "A" اور "C" بچوں کو پروان چڑھاتی ہیں، "B" قسم کے بچوں کو اس تحقیقی مطالعہ میں شامل نہیں کیا گیا،

کیا اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے، کہ بچہ کی ذہنی صلاحیتیں اور استعداد کا انحصار صرف ماحول اور پرورش پر ہے؟ اور وراثتی صلاحیتیں کچھ اثر نہیں رکھتیں! اس معاملہ میں مختلف آرائیں، .... ساجدہ علوی۔

گئے۔ لیکن بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا پراپیگنڈا جاری ہے کس لئے؟ پنجابی محاورہ ہے کہ جس گاؤں جانا نہیں تو اس کا رستہ کیوں پوچھا جائے۔ اس وقت ملک دو طبقات میں بٹا ہوا ہے کچھ دانشور تو بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی تنگ دو میں دور دور کی کوڑی لا رہے ہیں لیکن ——— عام شہری کا ذہن بنگلہ دیش کے متعلق بالکل صاف ہے، وہ اپنے ملک کے کٹے ہوئے حصے کو آزاد مملکت کیونکر مان سکتا ہے ـــ

قلندر جز دو حرف لا الٰہ کچھ نہیں رکھتا
فقیہ شہر قارون ہے لغت ہائے حجازی کا

حقیقت لا الٰہ میں ہے لغت میں نہیں دانشور لاکھ کہیں نیصلہ بازار میں ہوگا یا دیہات میں۔ پاکستان کی سالمیت عوام کا جزو ایمان ہے۔ کوئی باغیرت قوم دشمن کے ظلم کو معاف نہیں کر سکتی۔ اگر ہم میں مشرقی پاکستان کی بازیابی کی طاقت نہیں تو کم از کم ہم یہ تو کر سکتے ہیں کہ بنگلہ دیش کو تسلیم نہ کرکے عظیم بنگلہ دیش کی تعمیر میں مدد دیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر بنگلہ دیش بنگلہ قومیت کی بنا پر بنا ہے تو جب تک مغربی بنگال کے بنگالی بھی ہندوستان سے آزاد ہو کر بنگلہ دیش سے نہ ملیں تو ملک ادھورا رہ جائے گا۔ اگر ہم نے اسوقت بنگلہ دیش تسلیم کیا تو اس کی سرحدیں محدود ہو جائیں گی لیکن اگر ہم صبر سے کام لیں تو کل مغربی بنگال بھی بنگلہ دیش سے ملنے کی کوشش کرے گا۔ اور عظیم بنگلہ دیش میں اکثریت مسلمانوں کی ہوگی یہاں ہندوستان کے حصے بخرے ضرور ہوں گے لیکن پاکستان کے حصے بخرے بھی تو ہوئے ہیں اور دہلی کی ایما پر ہوئے ہیں۔ فرق یہ ہوگا کہ جہاں ہندوستان نے ہمارے خلاف جارحیت کی ہم اس قسم کا اقدام نہ کریں گے۔ ہم مسئلے کو قدرتی اسباب پر چھوڑ دیں گے۔ صرف مسلم بنگال سے بنگلہ دیش نہیں بنتا اس میں مغربی بنگال کا شامل ہونا ضروری ہے۔ اس صورت حال میں اگر ہم نے بنگلہ دیش کو قبل از وقت تسلیم کیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جہاں ہم اپنے ملک کی تقسیم پر رضامند ہیں وہاں ہم ہندوستان کے ٹکڑے ٹکڑے ہونے کے روادار نہیں۔ ہندو نواز دوستی ان عناصر کے لئے تو جائز ہے جو پاکستان کے قائل ہی نہ تھے۔ لیکن وہ محبان وطن جو پاکستان کی سالمیت پر جان دینے کو تیار ہیں اس رجحان کو کیونکر برداشت کر سکتے ہیں۔

زیڈ اے سلہری

پاک بھارت سربراہ مذاکرات

۲ تا ۸ اپریل ۱۹۵۰ء

پاکستانی وزیراعظم لیاقت علی خان نے مغربی بنگال میں ہندو مسلم فسادات کے بعد اقلیتوں کے مسائل پر تبادلۂ خیال کے لئے نئی دہلی میں جواہر لال نہرو سے ملاقات کی دونوں لیڈروں نے لیاقت نہرو پیکٹ پر دستخط کئے جس میں دونوں ملکوں کی اقلیتوں کے لئے حسب ذیل امور کو یقینی بنانے کی ضمانت دی گئی تھی۔ مذہب کا خیال کئے بغیر برابر کی شہریت کے حقوق۔ جان، مال، آبرو، اخلاق اور ثقافت کا کامل تحفظ اپنے ملک میں ہر جگہ نقل و حرکت کی مکمل آزادی۔

۲۶ تا ۲۸ اپریل ۱۹۵۰ء

جواہر لال نہرو لیاقت علی خاں سے ملنے کراچی آئے۔ دونوں وزرائے اعظم نے اقلیتوں کے معاملہ میں معاہدۂ دہلی پر عملدرآمد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انھوں نے مسئلۂ کشمیر اور نہری پانی کے سوال پر بات چیت کی اور یہ طے کیا کہ باہمی مفادات سے متعلق امور پر مذاکرات کے لئے وہ وقفے وقفے سے ملاقاتیں کرتے رہیں گے۔

۲۰ جولائی ۱۹۵۰ء

ریاست جموں و کشمیر کے لئے اقوام متحدہ کے مقرر کردہ ثالث سر اوون ڈکسن کی درخواست پر لیاقت علی خاں بھارت گئے۔ جواہر لال نہرو لیاقت علی خاں اور سر اوون ڈکسن نے کشمیر کو غیر مسلح کرنے کے سوال پر بات چیت کی۔ سر اوون ڈکسن نے وادی کشمیر میں محدود استصواب رائے عامہ کی تجویز پیش کی لیکن لیاقت علی خاں نے عمومی استصواب رائے کا مطالبہ کیا۔ سر اوون ڈکسن نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو حل تلاش کرنے میں اپنی ناکامی سے مطلع کر دیا۔

۲۵ جولائی ۱۹۵۳ء

جواہر لال نہرو نے وزیراعظم محمد علی بوگرا سے پاکستان میں ملاقات کی۔ دونوں نے ایک مشترکہ کمیونکے جاری کیا جس میں اس آمادگی کا اظہار کیا کہ وہ بات چیت کے ذریعہ تمام تنازعے طے کرنے کو تیار ہیں۔ اگلے مہینے میں شیخ محمد عبداللہ کی برطرفی اور گرفتاری کے باعث کشمیر کا مسئلہ پھر زور و شور سے اٹھا۔ محمد علی بوگرا نے جواہر لال نہرو کو تار دیا کہ فوری طور سے باہمی ملاقات ہونی چاہئے۔ یہ ملاقات ۱۷ اگست کو نئی دہلی میں ہوئی اور پہلی مرتبہ استصواب رائے عامہ کے واسطے ایک منتظم کی تقرری کے لئے ایک تاریخ مقرر ہوئی۔ ستمبر ۱۹۵۹ء

صدر ایوب خان کراچی سے ڈھاکہ جاتے ہوئے نئی دہلی کے ہوائی اڈے پالم پر ٹھہرے اور جواہر لال نہرو سے تجارت اور مالیاتی مسائل پر بات چیت کی۔

۱۹ ستمبر ۱۹۶۰ء

جواہر لال نہرو اور ایوب خان کے درمیان نہری پانی کے معاہدہ پر دستخطوں کے لئے ملاقات اور بات چیت ہوئی اس موقع پر جاری ہونے والے کمیونکے میں کہا گیا کہ "اس معاہدے کے ذریعہ دونوں حکومتوں کو یہ بے نظیر موقع ملا ہے کہ وہ باہمی رفاقت کی سمت میں اپنی پالیسیوں کا رُخ موڑ دیں۔"

۱۰ جنوری ۱۹۶۶ء

سترہ دن کی پاک بھارت جنگ کے بعد صدر ایوب خان اور وزیراعظم لال بہادر شاستری کے درمیان تاشقند میں ملاقات ہوئی۔ جس کا انتظام سوویت روس کے وزیراعظم الیکسی کوسیجن نے کیا تھا۔ فریقین دونوں ملکوں کے درمیان معمول کے مطابق اور پُرامن تعلقات کی بحالی پر رضامند ہو گئے۔ اس موقع پر دستخط شدہ سمجھوتے میں فریقین نے اقوام متحدہ کے منشور کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی توثیق کا اعادہ کیا اور وعدہ کیا کہ وہ کشمیر کا مسئلہ حل کرنے کی کوشش کریں گے فریقین نے دونوں طرف کی فوجوں کی ۵ اگست ۱۹۶۵ء کی پوزیشنوں پر واپسی اور فائربندی کی پابندی کا معاہدہ کیا۔

۳ جولائی ۱۹۷۲ء

چودہ دن کی پاک بھارت جنگ کے کئی ماہ بعد صدر بھٹو اور وزیراعظم اندرا گاندھی کے درمیان شملہ میں کانفرنس ہوئی جس میں ایک چھ نکاتی معاہدہ طے پایا جس کے تحت امن اور باہمی گفتگو سے مسائل حل کرنے کے ارادہ کا اظہار کیا گیا۔ فوجوں کی جنگ سے پہلے کی جگہ پر واپسی پر اتفاق ہو گیا، سفارتی اور تجارتی تعلقات کی بحالی کا اعلان کیا گیا۔

★ ★

اے حرّیت کی روحِ مقدّس کہاں ہے تُو!

بزم وطن میں پھر سے بپا انقلاب ہے!
دل ہائے اہلِ ملک میں اک اضطراب ہے!
صید کمند حرص و ہوس شیخ و شاب ہے!
ہر انقلاب درد وطن بے نقاب ہے!
اے حرّیت کی روحِ مقدّس کہاں ہے تُو!

ابلیس بزمگاہ سیاست کی چال دیکھ!
اور اتحادِ اہلِ وطن پائمال دیکھ!
ہر سمت ایک فتنۂ جنگ و جدال دیکھ!
جمہور بے نوا کی قیادت کا حال دیکھ!
اے حرّیت کی روحِ مقدّس کہاں ہے تُو!

چھائی ہوئی ہے ہر سو فضا انتشار کی
رسمیں بدل گئی ہیں محبت کی پیار کی
ہر دل میں جاگزیں ہے ہوس اقتدار کی
مٹی خراب ہے تیرے قومی وقار کی
اے حرّیت کی روحِ مقدّس کہاں ہے تُو!

اہلِ غرض نے ڈال کے جشنِ وطن میں خاک
دامانِ آبروئے وطن کر دیا ہے چاک
اس جنگ زندگی کے نتیجے ہیں ہولناک
فرطِ ہجوم یاس سے نالاں ہے ارضِ پاک
اے حرّیت کی روحِ مقدّس کہاں ہے تُو!

منظور حسین منظور

مرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر
(ضرب کلیم)

REAL ESTATE

"The best investment on Earth"

Buying, Selling or Investing

in

o Apartments o Mortgages o Business

ISMAIL A. PATEL

MICHAEL J. DAVID
REALTOR
844 YONGE ST. TORONTO

929-0174.
924-6590

قائداعظم نے فرمایا

اسلامی تعلیمات کی درخشندہ روایات اور ادبیات کس امر پر شاہد ہیں۔ دنیا کی کوئی قوم جمہوریت میں مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی جو اپنے مذہب میں بھی جمہوری نقطۂ نظر رکھتے ہیں

(اجلاس مسلم لیگ لکھنؤ۔ ۱۳ دسمبر ۱۹۱۶ء)

اگر پاکستان کے مختلف حصوں کو باہم متحد ہو کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہونا ہے تو اس کی سرکاری زبان ایک ہی ہو سکتی ہے اور وہ میری ذاتی رائے میں اردو اور صرف اردو ہے

جلسہ تقسیم اسناد ڈھاکہ یونیورسٹی
۲۴ مارچ ۱۹۴۸ء

اندیشۂ فردا

دونو طرف ہے صُلح و صفائی کا اہتمام
رنگِ اُمید سے ہیں دلآویز صبح و شام
بے جا نہیں یہ بات بھی سوچیں اگر عوام
"ہم تک کب ان کی بزم میں آیا تھا دورِ جام
ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں"

ز۔ ہ۔ تجمل انبالوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کہی ہے کس نے اذاں لا الٰہ الا اللہ

۱۵ جولائی ۱۹۷۲ء

انقلابِ اسلام

مؤرخ اسلام کے غیر مہذب مفسر صرف اسلام کی فوجی فتوحات پر زور دیتے ہیں مگر وہ اسلام کی دور رس انقلابی اہمیت کو عام طور سے نظر انداز کر جاتے ہیں۔ اگر مسلمانوں کی تابناک فوجی فتوحات ہی اسلام کا واحد کارنامہ ہوتا تو ہم اسے بے مثال قرار نہیں دے سکتے تھے۔ چنگیز، تیمور، تاتاری، منگول اور کئی دوسری وحشی قومیں بھی اس قسم کے کارنامے سر انجام دے چکی ہیں اگرچہ ان کی فتوحات جنگی لحاظ سے بھی اسلامی فتوحات کے قریب نہیں پہنچتیں۔ مگر ان وحشیوں کی یلغار اور عربوں کے مذہبی جوش کے طوفان میں زمین و آسمان کا فرق ہے ان وحشی اقوام نے ایک وسیع و عریض علاقہ میں صرف موت اور تباہی پھیلائی مگر اسلام کا انقلاب ایک دیرپا تاریخی عمل تھا جس نے نوع انسان کے تہذیبی ورثہ میں ایک درخشاں باب کا اضافہ کیا۔

یہ مسلمان شاہسواروں کے عظیم الشان کارنامے ہی اسلام کا واحد طرہ امتیاز نہیں یہ کارنامے ہماری توجہ کو ضرور جذب اور مسحور کرتے ہیں مگر اصل کام یہ ہے کہ ان عوامل کو معلوم کیا جائے جو اس غیر معمولی حرکت اور فعال تاریخی عمل کا سبب بنے "اللہ کی فوج" کے معجزانہ کارنامے عام طور سے آنکھوں کو چندھیا دیتے ہیں اور اسلامی انقلاب کی زیادہ عظیم الشان کارکردگی تاریخ کے ایک عام طالب علم کی نظروں سے خواہ وہ مسلمان ہی کیوں نہ ہو اوجھل رہتی ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ رسولِ عربی کے متبعین کے فوجی کارنامے محض تمہید تھے اور اسلام کا زیادہ عظیم الشان اور دیرپا کارنامہ وہ تھا جو اس نے معاشرتی اور تہذیبی میدانوں میں سرانجام دیا۔ مسلمانوں کی فوجی فتوحات صرف ایسا سیاسی اتحاد پیدا کرنے کا سبب بنیں جس سے معاشی خوشحالی اور روحانی ترقی کا نیا دور وجود میں آیا۔

مسائل و افکار

پہلے خبر آئی کہ شیخ عبداللہ نے مسز گاندھی سے ملاقات کی جس میں یہ بات خاص طور پر مذکور تھی کہ ملاقات وزیر اعظم ہند کی درخواست پر ہوئی ہے۔ فوراً ہی بعد شیخ صاحب کا بیان آیا کہ کشمیر کا ہندوستان سے جائز الحاق ہوا ہے۔ پھر شیخ صاحب سے ریاست میں داخلے کی پابندی اٹھا لی گئی اور اب بی بی سی نے اطلاع دی ہے کہ شیخ صاحب دوبارہ مقبوضہ کشمیر کے وزیر اعلیٰ بنا دیئے جائیں گے۔ یہ سب کچھ مذاکرات شملہ کے انعقاد کے ضمن میں کیا جا رہا ہے۔ چالیں تو حکومت ہند کی ہیں اسی لئے مسز گاندھی نے از خود شیخ صاحب سے ملنے کی خواہش کی لیکن شیخ صاحب کو ہندو اشاروں پر ناچنے کی پرانی عادت ہے۔ بہرحال یہ ڈرامہ صدر بھٹو کے لئے رچایا جا رہا ہے کہ جب کشمیر کا سوال آئے گا تو شیخ صاحب الحاق کو جائز قرار دیں گے۔ اور بھٹو صاحب سے کہا جائے گا کہ ان کو کیا حق ہے کہ وہ ریاست کی خود ارادیت کا مطالبہ کریں۔ لیکن یہ چالیں نئی نہیں ہیں۔ ہندوستان شروع سے کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دے رہا ہے اور جب تک شیخ صاحب وزیر اعلیٰ رہے وہ حکومت ہند کی ہاں میں ہاں ملاتے رہے۔ لیکن مسئلہ کشمیر کی نوعیت نہ ہندوستان کے موقف سے بدلی اور نہ شیخ صاحب کی ہاں کے حق میں حمایت سے یہ مسئلہ جوں کا توں قائم رہا اور قائم رہے گا کہ کشمیری عوام ہر دو سے مختلف ہیں۔ ہندوستان کی موجودہ صورتحال سے حوصلہ افزائی یوں ہوئی ہے کہ مشرقی پاکستان باقی پاکستان سے علیحدہ ہو گیا ہے۔ اگر پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کو تیار ہو جائے تو اسے کشمیر کے بارے میں اپنا اصلی موقف قائم رکھنا مشکل ہو جائے گا۔ اسی لئے بنگلہ دیش کے مسئلے کی اولیت ہے، وہ ہندوستان کی مرضی کے مطابق حل ہو گیا تو کشمیر کا معاملہ خود بخود جھک جائے گا۔

مسئلے تو طے ہوتے رہیں گے لیکن شیخ عبداللہ کا حشر میر جعفر و صادق سے مختلف نہ ہو گا ان پر ننگ قوم، ننگ دین اور ننگ وطن کے القابات ہی کا اطلاق ہو گا۔ تمنائے سروری کس کو نہیں لیکن اسکے حصول کی خاصیت کا انحصار اس امر پر ہے کہ اسکے لئے قیمت کیا ادا کی گئی۔ اگر اسکے حصول کے لئے ایمان بیچ دیا گیا تو سروری جلد ہی لعنت میں منقلب ہو جائے گی۔ اور یہ ضروری نہیں کہ زندگی میں ہی اس کا فیصلہ ہو، فیصلہ موت کے بعد بھی انسان کا تعاقب کرتا ہے بلکہ اصل فیصلہ ہی تاریخ کا ہوتا ہے۔ تاریخ کا فیصلہ اٹل اور مستقل ہوتا ہے مسلمان کو تاریخ کے فیصلے کی اہمیت کو سمجھنے کی دعوت دی گئی ہے۔ وہ عاقبت کے نیک ہونے کی دعا کرتا ہے۔ وہ قیامت پر ایمان رکھتا ہے جب کل زمان کی تاریخ کا خلاصہ پیش کر دیا جائے گا۔ اس پر وقتی آسائش کے لئے سروری کی تمنا حرام ہے۔ وہی سروری لائق جد و جہد ہے جس کی طنابیں آخرت سے ملی ہوں، وہ سروری اُن اقدار سے منور ہو گی جن میں آلائش کا کوئی حصہ نہ ہو۔

انسانی زندگی قطعی مختصر ہے۔ عمر ساٹھ سال بھی ہے تو اس کا فعال حصہ تیس سال سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ یہ تیس سال کائنات کے لاکھوں سال کے مقابلے میں کیا حیثیت رکھتے ہیں۔ بس "تب و تاب یک نفس" اسی لئے اقبال نے کہا ہے ؎

کر پہلے مجھ کو زندگیِ جاوداں عطا
پھر ذوق و شوق دیکھ دلِ بیقرار کا

پھر زندگی عمر کے اعتبار سے ہی مختصر نہیں، وہ ماحول کے اثر کے تحت سخت مقامی ہے۔ آدمی ایک چھوٹی سی جگہ میں پیدا ہوتا ہے وہ دنیا کی وسعت پر عبور نہیں حاصل کر سکتا اس کا مطمح نگاہ تنگ ہونا لازمی ہے۔ اس محدودیت کے باوجود انسان آفاقی اہمیت کے حامل ہونے کا تمنائی ہے اور یہ تمنا عبث بھی نہیں، دنیا میں آفاقی انسان گزرے ہیں۔ اب یہ محدودیت اور آفاقیت میں کیونکر رشتہ قائم ہو؟ اگر انسان اپنی خواہشات و استعداد کے مطابق زندگی گزارے تو اس کا غیر معمولی ہونا ناممکن ہے اس کا معیار حیات چھوٹا ہی رہے گا کہ وہ اپنی تنگنائی سے آگے جانے سے قاصر ہے اسکا مطلب ہے کہ محض نفس کی پرستش انسان کو کسی مقام علیا پر فائز نہیں کر سکتی۔ اس مقام پر پہنچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ انسان اپنی زندگی کو کسی اعلیٰ مقصد سے منسلک کر لے جتنا مقصد اعلیٰ ہو گا اتنی ہی انسانی زندگی میں وسعت آئے گی۔ تو اصل چیز کسی مقصد کی تلاش ہے ؎

کانٹا وہ دے کہ جس کی کھٹک لازوال ہو
یارب وہ درد جس کی کسک لازوال ہو

اس لئے مقصد کا تعین سب سے اول ہے۔ اور جب مقصد کا تعین ہو جائے تو انسان کو ایسی نظر عطا ہوتی ہے جسے اشیا کی حقیقت جاننے کا خصوصی ملکہ حاصل ہوتا ہے اسے کوئی فوری لالچ موہ نہیں سکتا۔ کوئی فریب اسے اپنی راہ سے بھٹکا نہیں سکتا۔ جب قائد اعظمؒ کو کانگریسی لیڈروں نے برصغیر کی وزارت عظمیٰ کی پیشکش کی تو انہیں اسے ٹھکرانے میں ایک لمحہ نہیں لگا۔ انہیں معلوم تھا کہ ع

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

لیکن اسکے مقابلے میں شیخ عبداللہ کا کیا طرز عمل تھا انہیں انا مار گئی۔ انہوں نے اپنے آپ کو قائدؒ سے اونچا انسان تصور کیا، قائدؒ سے جھگڑے تو محض اپنی ذاتی ہٹ کے لئے انہیں نہ تحریک پاکستان کا ادراک حاصل ہوا اور نہ قائد کی عظمت کا۔ نتیجہ کیا ہوا۔ پوری کشمیری قوم ہندوؤں کی غلام ہو کر رہ گئی۔ جو جو ظلم اس پر ہوا ہے اور ہو رہا ہے اور ہو گا، اس کی تمام تر ذمہ داری شیخ صاحب کے کاندھوں پر ہے۔ وہ اللہ کو کیا منہ دکھائیں گے؟ لیکن اپنی ذات کی محبت ایسی بیماری ہے جو انسان کو اندھا کر دیتی ہے چنانچہ انہیں اپنی غلطی کا ابھی تک احساس نہیں ہوا۔ جب وہ جیل سے نکلے تو انہوں نے ہندوستان کی کافی مخالفت کی، لیکن یہ خیال ان کے دل سے پھر بھی نہیں گیا کہ ان کا موقف ہمیشہ ٹھیک تھا، وہ اب بھی ہندوستان کا دم بھرتے تھے۔ جب وہ صدر ایوب سے ملنے آئے تو نہرو کی طرف سے کنفیڈریشن کا نسخہ لے کر آئے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میں نے نوائے وقت میں ایک مقالہ لکھا جس کا عنوان تھا "کشمیر کا حل یا کہ پاکستان کا سودا" ہماری ڈپلومیسی کا تقاضا شاید یہی تھا کہ شیخ صاحب کی آؤ بھگت کی جائے لیکن میرے دل میں ہمیشہ یہ کانٹا رہا کہ جس شخص کو تحریک پاکستان کی تاریخی اہمیت کا ادراک نہیں ہوا وہ مسلمانوں کی کیا خدمت کر سکتا ہے۔ چنانچہ سالہا سال کشمیر کے حق خود ارادیت کی حمایت میں معرکہ آرائی کے بعد وہ وہیں آ گئے جہاں سے چلے تھے۔ اسی نفس کی پرستش نے شیخ مجیب الرحمٰن کا روپ دھارا ہے انکی وجہ سے بنگالی مسلمان جس المیے سے دوچار ہو رہے ہیں اس کا پتہ آہستہ آہستہ لگے گا۔ ان کی قسمت بھی کشمیری مسلمانوں کی سی ہو رہی ہے۔

یہی طرز عمل میں نے پاکستان کے ان لیڈروں میں دیکھا ہے جو پاکستان کے مطالبے کے خلاف تھے، پاکستان بن گیا اور ان کے موقف کے خلاف بنا، لیکن مجال ہے جو انہیں اپنی غلطی کا اعتراف ہوا ہو، شروع شروع میں تو وہ منقار زیر پر رہے، لیکن جوں جوں مسلم لیگ کی ناکامی سے حالات بدلے اور فضا دوسری سیاسی جماعتوں کی نمود کے لئے راس ہوئی، وہ لنگر لنگوٹ کس کر میدانِ سیاست میں آ دندناتے جتنی انہیں مقبولیت حاصل ہوئی اتنا ہی تحریک پاکستان کے علمبردار قائد اعظمؒ کے اقدار گرد آلود ہونے شروع ہو گئے آج یہ عالم ہے کہ بنیادی سے بنیادی عقیدہ اپنی جگہ سے ہل گیا ہے، یہاں تک کہ قرارداد لاہور جسے ہندو پریس نے مطالبۂ پاکستان کا نام دیا تھا، کی یہ تفسیر ہونے لگی کہ اس کا مقصود دو ریاستیں تھیں، اور تو اور یہ بات ایک مرکزی وزیر کی زبان سے ادا ہوتی ہے۔ قیامت تو یہ ہے کہ وہ اخبار جو قائد اعظمؒ اور تحریک پاکستان کے ترجمان خصوصی کا کردار ادا کرتا تھا آج ببانگ دہل یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ بنگلہ دیش کو فوراً تسلیم کر لیا جائے۔ کہاں الطاف حسین کہاں مظفر علی۔ اب پاکستانیوں کے مبلغ ایمان کا یہ حال ہو تو ہندوستان کو کیوں الزام دیا جائے کہ وہ پاکستان کے وجود کو تہس نہس کرنے پر تلا ہوا ہے ؎

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

اس وقت لے دے کے صدر بھٹو کا سہارا باقی رہ گیا ہے صدر بھٹو کی عقل و دانش پر کسی کو شبہ نہیں۔ جو کلی انقلاب وہ ملک میں لائے ہیں وہ ظاہر و باہر ہے، جو لوگ آج ان کے طفیل وزارتوں پر براجمان ہیں انہیں کل کوئی جانتا بھی نہ تھا اگر کوئی شخص آفاقی حیثیت کا امیدوار بننے کے لائق ہے تو وہ بھٹو ہیں۔ اور میرا خیال ہے کہ وہ تاریخ میں اپنا نام چھوڑنے کے خواہشمند بھی ہیں، انہیں وسیع اختیارات حاصل ہیں شاید پاکستان کے کسی حکمران کو اتنے اختیارات حاصل نہ تھے وہ جو حکمت عملی چاہیں بروئے کار لا سکتے ہیں۔ قوم کے مستقبل کا انحصار اس امر پر ہے کہ صدر بھٹو ایسا لائحہ عمل اختیار کریں جو اعلیٰ مقاصد کا حامل ہو، اس میں ذاتی مفاد کم اور عمومی مفاد زیادہ ہو، قومی مفاد کی تعریف و توضیح مشکل کام ہے۔ غیور قوم اپنے موقف سے نہیں ہٹتی۔ پاکستان کا مشن عام فہم ہے۔ لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ ان کے چند مشیر قومی مفاد کی ایسی تاویلیں کر رہے ہیں جو ملک کو صراطِ مستقیم سے ہٹا دے گا۔ صدر بھٹو نے اچھا کیا کہ دو ٹوک الفاظ میں اعلان کر دیا کہ چوٹی کانفرنس کا بنگلہ دیش سے کوئی تعلق نہیں، وہ بنگلہ دیش کا سوال سرزمین ہندوستان پر اٹھانے کی اجازت نہ دیں۔

SUBSCRIBE TO "VOICE OF PAKISTAN"
Subscription for SIX months is $2 only
Send your cheque to:–
FRIENDS OF PAKISTAN
POST BOX: 303; STATION 'D'
TORONTO (ONT.) CANADA

Name ____________________
Phone No. ________________
Address __________________
____
____
____

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹرانٹو

جلد ۱ | ۱۵ جولائی ۱۹۷۲ء - ۳ جمادی الثانی ۱۳۹۲ھ | نمبر ۶

اب میں پانچ سال تک برسرِ اقتدار رہوں گا

میرا احترام کرنا اور مجھے پسند کرنا سیکھیے

بھارتی صحافیوں کو صدر بھٹو کا مشورہ

شملہ ۴ جولائی (شریف فاروقی نمائندہ خصوصی) صدر بھٹو نے بھارتی صحافیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ان کا احترام کرنا سیکھیں اور انہیں پسند کریں کیونکہ اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں۔ عوام نے اپنا لیڈر منتخب کر لیا ہے اور اب وہ پانچ سال تک مزید برسر اقتدار رہیں گے یہ بات انہوں نے آج یہاں مذاکرات کے اختتام پر ایک پرہجوم پریس کانفرنس میں ایک بھارتی صحافی کے بعض چبھتے ہوئے سوالات کے جواب میں کہی۔ یہ پریس کانفرنس ۵۰ منٹ تک جاری رہی۔ صدر بھٹو کو ایک بھارتی صحافی کی یہ بات بہت بری لگی کہ وہ اتنا بڑا وفد لے کر کیوں آئے ہیں۔ اس نے صدر پاکستان پر الزام لگایا کہ وہ اپنی بعض تقریروں میں بھارتی لیڈروں کو برے نقطے سناتے رہے ہیں، صدر بھٹو نے جواب دیا: میں اتنا بڑا وفد خاص اسباب کی بنا پر اپنے ساتھ لایا ہوں۔ ہمارے ہاں نئی قیادت کا قیام عمل میں آیا ہے اور اس نئی قیادت اور عوام سب کو آئندہ ذمہ داریوں کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھانا ہے ہم نئی نسل اور نئی قیادت کے مابین زیادہ سے زیادہ ہم آہنگی اور مسائل کے متعلق ہم خیالی کی فضا چاہتے ہیں۔ صدر نے مزید کہا، اگر آپ کو یہ محسوس ہو رہا ہے کہ اتنا بڑا پاکستانی وفد بھارت پر بہت بڑا بوجھ ثابت ہوا ہے تو میں اس کے لئے معذرت خواہ ہوں کہ آپ کو درد زحمت ہوئی مگر مجھے بھی تو آپ کے خلاف یہی شکوہ ہے بھارتی قیادت بھی مجھے گالیاں دیتی رہی ہے عام جلسوں میں مجھے کوسا جاتا رہا ہے بھارتی اخبارات بھی مجھ پر کیچڑ اچھالتے رہے ہیں اور بھارتی پارلیمنٹ جیسے ذمہ دار ادارے میں بھی مجھے معاف نہیں کیا جاتا رہا میں آپ کو بتا دوں کہ میں منتخب شدہ صدر ہوں اور پانچ سال تک مملکت کی کرسی پر متمکن رہوں گا میرا احترام کرنا اور مجھے پسند کرنا سیکھئے۔ اس پر زور دار قہقہے بلند ہوئے۔

★★★

دونوں ممالک طاقت استعمال کئے بغیر اپنے اختلافات اور تنازعات طے کریں گے۔

صدر بھٹو اور اندرا میں سمجھوتہ ہو گیا

اسلام آباد: قومی اسمبلی نے ۳ جولائی ۱۹۷۲ء کو شملہ میں کیئے جانے والے معاہدہ کی کثرت رائے سے منظوری دی، اس معاہدہ کی رو سے دونوں ملک طاقت کے استعمال سے گریز کریں گے، دونوں ملکوں کی فوجیں جنگ بندی سے پہلے کی جگہ پر واپس آجائیں گی، مگر کشمیر میں فوجیں اپنی اپنی جگہ ڈٹی رہیں گی۔ اقوام متحدہ کے مبصروں کو واپس بلالیا جائیگا، سفارتی اور تجارتی تعلقات بحال کریئے جائیں گے۔

ہر دو ممالک ایک دوسرے کے خلاف پروپگنڈا بند کر دیں گے اور پرامن تعلقات کی فضا بحال کرنے کی کوشش کریں گے، آئندہ سربراہوں کی کانفرنس کسی وقت پاکستان میں ہوگی، اس دوران اعلیٰ سطح پر افسروں کی کانفرنس جاری رہے گی، جن میں دوسرے غیر طے شدہ معاملات جن میں جنگی قیدیوں کی واپسی بھی شامل ہے پر غور ہوگا، پاکستان میں ردعمل عام طور معاہدہ کے حق میں ہے۔

صرف سندھی کو سرکاری زبان بنانے سے صوبہ سندھ میں فسادات،

ایک سو سے زیادہ افراد ہلاک، کراچی اور حیدرآباد میں کرفیو۔

کراچی۔ ۱۰ جولائی اردو بولنے والے طبقے کی مخالفت کے باوجود (جن کی تعداد پچاس فیصد سے زیادہ ہے)، صرف سندھی کو سرکاری زبان بنائے جانے کے بعد کراچی اور سندھ میں زبردست فسادات شروع ہو گئے، جس میں ابتک ایک سو سے زیادہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں، کراچی شہر کا بیشتر حصہ فوج کے کنٹرول میں ہے، وہاں سے پولیس کے دستوں کو ہٹا لیا گیا ہے، شہر میں چوبیس گھنٹوں کا کرفیو نافذ کردیا گیا ہے، حیدرآباد میں بھی رات کا کرفیو نافذ ہے، پی آئی اے کی اندرون اور بیرون ملک پروازیں بھی متاثر ہوئی ہیں، اسلام آباد میں مرکزی کابینہ کا ایک ہنگامی اجلاس صدر بھٹو کی صدارت میں ہوا جس میں تازہ ترین صورت حالات پر غور کیا گیا ـــــ

بی، بی، سی ـ کی اطلاع کے مطابق صدر نے چار ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کر دی ہے جو مسئلہ کا مناسب حل تلاش کریگی۔ اس کے علاوہ خبروں پر سنسر لگادیا گیا ہے۔